پریس ریلیز

شیل پاکستان لمیٹڈ کا نام تبدیل ہو کر وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ ہو گیا ہے

کراچی، 15 جنوری، 2025: شیل پاکستان لمیٹڈ کا نام باضابطہ طور پر تبدیلی کے بعد 'وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ (Wafi Energy Limited)' ہو گیا ہے اور اس کا اطلاق 13 جنوری 2025ء سے ہو چکا ہے۔ یہ تبدیلی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے کمپنی کا نام تبدیل کرنے کی درخواست منظور ہونے کے بعد ہوئی ہے اور نئے نام کی عکاسی کرنے والا اپ ڈیٹ شدہ سرٹیفکیٹ آف انکارپوریشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔

ریٹیل اور برانڈ لائسنسنگ معاہدوں کے تحت شیل برانڈ پاکستان میں برقرار رہے گا اور وافی انرجی اس کا خصوصی برانڈ لائسنس یافتہ ہو گا۔

وافی انرجی، سعودی عرب میں رجسٹرڈ ایک کمپنی ہے اور اسیاد گروپ (Asyad Group) کا حصہ ہے جو اب اس ادارے کے کل جاری کردہ حصص کے سرمائے کا تقریباً 87.78% کا مالک ہے۔

☆☆☆